احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

سوموار 9 مارچ 2015ء 17 جمادی الاول 1436 ہجری 9 امان 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 56

بد ترین دعوت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ بدترین دعوت وہ ہے جس میں امیر لوگ تو بلائے جائیں مگر غریبوں کو نظر انداز کر دیا جائے اور دوسری طرف جو شخص کسی کی دعوت کو رد کرتا ہے وہ خدا اور اس کے رسول کا نافرمان ہے۔

(بخاری كتاب النكاح باب من ترك الدعوة فقد عصى اللّٰه ورسوله حديث:5177)

اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب روایت کرتے ہیں کہ مہمان نوازی کا یہ عالم تھا کہ شروع میں جب مہمانوں کی زیادہ کثرت نہیں تھی اور حضرت مسیح موعود کی صحت بھی نسبتاً بہتر تھی، آپ اکثر مہمانوں کے ساتھ اپنے مکان کے مردانہ حصہ میں اکٹھے بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے اور کھانے کے دوران میں ہر قسم کی بے تکلّفانہ گفتگو کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ گویا ظاہری کھانے کے ساتھ علمی اور روحانی کھانے کا دستر خوان بھی بچھ جاتا تھا۔ ایسے موقعوں پر آپ عموماً ہر مہمان کا خود ذاتی طور پر خیال رکھتے تھے اور اِس بات کی نگرانی فرماتے تھے کہ اگر کبھی دستر خوان پر ایک سے زیادہ کھانے ہوں تو ہر شخص کے سامنے دستر خوان کی ہر چیز پہنچ جائے۔ عموماً ہر مہمان کے متعلق دریافت فرماتے رہتے تھے کہ کسی خاص چیز مثلاً دودھ یا چائے یا لسی یا پان کی عادت تو نہیں۔ اور پھر حتی الوسع ہر ایک کے لئے اُس کی عادت کے موافق چیز مہیا فرماتے تھے۔ بعض اوقات اگر آپ کو معلوم ہوتا کہ کسی مہمان کو اچار کا شوق ہے اور اچار دستر خوان پر نہیں ہوتا تھا تو خود کھانا کھاتے کھاتے اُٹھ کر اندرون خانہ تشریف لے جاتے اور اندر سے اچار لا کر ایسے مہمان کے سامنے رکھ دیتے تھے اور چونکہ آپ بہت تھوڑا کھانے کی وجہ سے جلد شکم سیر ہو جاتے تھے اس لئے سیر ہونے کے بعد بھی آپ روٹی کے چھوٹے چھوٹے ذرّے اٹھا کر منہ میں ڈالتے رہتے تھے تا کہ کوئی مہمان اِس خیال سے کہ آپ نے کھانا چھوڑ دیا ہے دستر خوان سے بھوکا ہی نہ اُٹھ جائے۔ (سیرت طیبہ صفحہ 113)

حضرت مفتی محمد صادق صاحب لکھتے ہیں کہ حضرت صاحب مہمانوں کی خاطر داری کا بہت اہتمام رکھا کرتے تھے۔ جب تک تھوڑے مہمان ہوتے تھے آپ خود اُن کے کھانے اور رہائش وغیرہ کا انتظام کیا کرتے تھے۔ جب مہمان زیادہ ہونے لگے تو خدام حافظ حامد علی صاحب، میاں نجم الدین صاحب وغیرہ کو تاکید فرماتے رہتے تھے کہ دیکھو مہمانوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ اُن کی تمام ضروریات، خورونوش و رہائش کا خیال رکھا کرو۔ بعض کو تم شناخت کرتے ہو اور بعض کو نہیں۔ اس لیے مناسب یہ ہے کہ سب کو واجب الاکرام جان کر ان کی تواضع کرو۔ سردی کے ایام میں فرمایا کرتے مہمانوں کو چائے پلاؤ۔ ان سب کی خوب خدمت کرو۔ اگر کسی کو علیحدہ کمرے یا مکان کی ضرورت ہو تو اس کا انتظام کر دو اگر کسی کو سردی کا خوف ہو تو لکڑی یا کوئلہ کا انتظام کر دو۔'' (ذکر حبیب از حضرت مفتی محمد صادق صاحب صفحہ 195)

حضرت مفتی محمد صادق صاحب روایت کرتے ہیں:

ایک شب کا ذکر ہے کہ کچھ مہمان آئے جن کے واسطے جگہ کے انتظام کے لئے حضرت اماں جان حیران ہو رہی تھیں کہ سارا مکان تو پہلے ہی کشتی کی طرح پُر ہے۔ اب ان کو کہاں ٹھہرایا جائے۔ اس وقت حضرت مسیح موعود نے اکرام ضیف کا ذکر کرتے ہوئے حضرت بیوی صاحبہ کو پرندوں کا ایک قصہ سنایا۔ چونکہ میں بالکل ملحقہ کمرے میں تھا اور کوارٹروں کی ساخت پرانے طرز کی تھی۔ جن کی اندر سے آواز بآسانی دوسری طرف پہنچتی رہتی ہے۔ اس واسطے میں نے اس سارے قصہ کو سنا۔

فرمایا، دیکھو ایک دفعہ جنگل میں ایک مسافر کو شام ہوگئی۔ رات اندھیری تھی۔ قریب کوئی بستی اسے دکھائی نہ دی اور وہ ناچار ایک درخت کے نیچے رات گزارنے کے واسطے بیٹھ رہا۔ اس درخت کے اوپر ایک پرندے کا آشیانہ تھا۔ پرندہ اپنی مادہ کے ساتھ باتیں کرنے لگا کہ دیکھو یہ مسافر جو ہمارے آشیانہ کے نیچے زمین پر آ بیٹھا ہے یہ آج رات ہمارا مہمان ہے اور ہمارا فرض ہے کہ اس کی مہمان نوازی کریں۔ مادہ نے اس کے ساتھ اتفاق کیا اور ہر دو نے مشورہ کر کے یہ قرار دیا کہ ٹھنڈی رات ہے اور اس ہمارے مہمان کو آگ تاپنے کی ضرورت ہے اور تو کچھ ہمارے پاس نہیں۔ ہم اپنا آشیانہ ہی توڑ کر نیچے پھینک دیں تا کہ وہ ان لکڑیوں کو جلا کر آگ تاپ لے۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور سارا آشیانہ تنکا تنکا کر کے نیچے پھینک دیا۔ اس کو مسافر نے غنیمت جانا اور ان سب لکڑیوں کو تنکوں کو جمع کر کے آگ جلائی اور تاپنے لگا۔ تب درختوں پر اس پرندوں کے جوڑے نے پھر مشورہ کیا کہ آگ ہم نے اپنے مہمان کو بہم پہنچائی اور اس کے واسطے سینکنے کا سامان مہیا کیا۔ اب ہمیں چاہئے کہ اسے کچھ کھانے کو بھی دیں اور تو ہمارے پاس کچھ نہیں۔ ہم خود ہی اس آگ میں جا گریں اور مسافر ہمیں بھون کر ہمارا گوشت کھالے۔ چنانچہ ان پرندوں نے ایسا ہی کیا اور مہمان نوازی کا حق ادا کیا۔

(ذکر حبیب صفحہ 86)

اللہ کا منشاء سمجھیں

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''آئندہ کے لئے یاد رکھو کہ حقوقِ اخوت کو ہرگز نہ چھوڑو، ورنہ حقوق اللہ بھی نہ رہیں گے۔''

......''مجھے یہی بتایا گیا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّر ...... (الرعد:12) اللہ تعالیٰ کسی حالت میں قوم میں تبدیلی نہ کرے گا جب تک لوگ دلوں کی تبدیلی نہ کریں گے۔ ان باتوں کو سن کر یوں تو ہر شخص جواب دینے کو تیار ہو جاتا ہے کہ ہم نماز پڑھتے ہیں، استغفار بھی کرتے ہیں، پھر کیوں مصائب اور ابتلا آ جاتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی باتوں کو جو سمجھ لے وہی سعید ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا منشاء کچھ اَور ہوتا ہے۔ سمجھا کچھ اَور جاتا ہے اور پھر اپنی عقل اور عمل کے پیمانہ سے اسے ماپا جاتا ہے۔ یہ ٹھیک نہیں۔ ہر چیز جب اپنے مقررہ وزن سے کم استعمال کی جاوے تو وہ فائدہ نہیں ہوتا جو اس میں رکھا گیا ہے۔ مثلاً ایک دوائی جو تولہ کھانی چاہئے اگر تولہ کی بجائے ایک بوند استعمال کی جاوے تو اس سے کیا فائدہ ہوگا اور اگر روٹی کی بجائے کوئی ایک دانہ کھالے تو کیا وہ سیری کا باعث ہو سکے گا؟ اور پانی کے پیالے کی بجائے ایک قطرہ سیراب کر سکے گا؟ ہرگز نہیں۔ یہی حال اعمال کا ہے۔ جب تک وہ اپنے پیمانہ پر نہ ہوں وہ اوپر نہیں جاتے ہیں۔ یہ سنّت اللہ ہے جس کو ہم بدل نہیں سکتے''۔

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 270)

فضل جذب کرنے کا ذریعہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''اگر ہم نے یہ فضل جاری رکھنے ہیں تو عاجزی، محنت اور دعا کے ساتھ ان فضلوں کو جذب کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ خاص طور پر ان لوگوں کو جن کے سپرد بعض جماعتی خدمات ہوئی ہوئی ہیں۔ وہ خاص طور پر اس بات مدنظر رکھیں کہ یہ فضل جذب کرنے کے لئے ہمیں عاجزی، انکساری اور دعا اور محنت کی ضرورت ہے۔''

(روزنامہ الفضل 18 فروری 2014ء)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ....مطبع: ضیاء الاسلام پریس ....مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ....قیمت 5 روپے

خطبہ نکاح مورخہ 2 فروری 2013ء

بیان فرمودہ: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 2 فروری 2013ء کو بیت فضل لندن میں درج ذیل نکاحوں کا اعلان فرمایا۔

تشہد وتعوذ اور مسنون آیات قرآنیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

آج میں تین نکاحوں کا اعلان کروں گا۔ نکاح، شادی فریقین کا، دو رشتوں کا ایک ملاپ ہے۔ بعض آپس میں عزیزوں میں ہوتے ہیں بعض ایسی جگہوں پر ہوتے ہیں جہاں کوئی عزیزداری اس طرح نہیں ہوتی لیکن بہرحال احمدیت کا، (دین) کا ایک رشتہ قائم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے جب بھی شادی یا نکاح کا موقعہ آیا تو اس بارہ میں ہمیں یہ توجہ دلائی کہ اس خوشی کے موقعہ پر نیکیوں پر قائم رہنا، تقویٰ پر چلنا، ایک دوسرے کا خیال رکھنا، ایک دوسرے کے رحمی رشتہ داروں کا خیال رکھنا، سچائی پہ قائم رہنا، بہت ضروری ہے۔ اگر یہ چیزیں تم میں قائم رہیں تو پھر تمہارے یہ رشتے بھی نبھتے رہیں گے۔ سچائی پر قائم رہو گے تو اللہ تعالیٰ اصلاح فرماتا رہے گا۔ غلطیوں کی، کوتاہیوں کی اصلاح ہوتی رہے گی۔ تمہاری بخشش کے سامان ہوتے رہیں گے اور تمہارے رشتے اس نہج پر چلتے رہیں گے جو خوشیاں لانے والے ہوں۔ پس ہمیشہ اس موقعہ پر لڑکے اور لڑکی کو، دونوں کے عزیزوں رشتہ داروں کو ان باتوں کا خیال رکھنا چاہئے کہ ہمارا زندگی کا جو اصل مقصد ہے اللہ تعالیٰ نے یہ بیان فرمایا ہے کہ اس کی رضا کو حاصل کیا جائے اور وہ یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جو احکامات ہیں ان پر چلا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کئے جائیں اور بندوں کے حقوق ادا کئے جائیں۔ پس نکاح کے موقعہ پر یہ بار بار کی یاددہانی اس لئے ہے کہ صرف خوشیوں میں ڈوب کے ان حقوق کو بھول نہ جانا۔ اگر یاد رکھو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے لئے ایسے سامان پیدا فرماتا رہے گا جو تمہاری اصلاح کا باعث بنتے رہیں گے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والے ہوں گے۔ اللہ کرے کہ آج قائم ہونے والے یہ رشتے ہر لحاظ سے بابرکت ہوں اور اپنے حقوق ادا کرنے والے ہوں۔

حضور انور نے فرمایا: پہلا نکاح عزیزہ مدیحہ عظیم قریشی کا ہے جو واقفہ نو بھی ہیں۔ مکرم قریشی محمد توفیق صاحب کی بیٹی ہیں جن کا تعلق امریکہ سے ہے۔ ان کا نکاح عزیزم محمد عمر اکبر مربی سلسلہ جنہوں نے کینیڈا سے جامعہ احمدیہ پاس کیا ہے، کے ساتھ دس ہزار کینیڈین ڈالر حق مہر پر ہو رہا ہے۔

حضور انور نے فرمایا: اور جو واقفینِ زندگی ہیں ان کی تو اور بھی زیادہ ذمہ داری ہوجاتی ہے کہ ایک دوسرے کے بھی حقوق ادا کریں اور رشتوں کے حقوق بھی ادا کریں۔ ماشاء اللہ یہ دونوں پرانے احمدی خاندان ہیں اور ایک کا تعلق تو ربوہ سے ہے۔ دوسرے کا کہاں تک ربوہ سے ہے یہ میں نہیں جانتا لیکن لڑکی والوں کو تو پرانے ربوہ کے رہنے والے جانتے ہیں۔ لڑکی کے دادا کا ربوہ میں الکیمسٹ کے نام سے میڈیکل سٹور ہوتا تھا۔

حضور انور نے لڑکی کے والد سے دریافت فرمایا کہ آپ انہیں کے پوتے ہیں نا؟ اس پر لڑکی کے والد نے بتایا کہ قریشی محمد شفیع صاحب میرے دادا تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: شروع میں وہی میڈیکل سٹور پر ہوتے تھے، بچپن میں ہم انہیں کو دیکھا کرتے تھے۔ آپ تو بعد کی پیداوار ہیں اور اسی طرح جو لڑکا ہے ان کا خاندان بھی پرانا احمدی خاندان ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے مبارک کرے۔

حضور انور نے فرمایا: دوسرا نکاح عزیزہ عائشہ احمد بنت مکرم منور احمد صاحب امریکہ کا ہے جو کہ سید اسد احمد شاہ صاحب ابن مکرم سید ندیم پاشا صاحب کے ساتھ بیس ہزار امریکن ڈالر حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کہ لڑکا کام تو یہاں کرتا ہے پھر حق مہر امریکن ڈالرز میں کیوں ہے پونڈز میں کیوں نہیں؟ حضور انور نے لڑکے کو مخاطب کرکے فرمایا تم نے رخصت ہونا ہے یا لڑکی نے رخصت ہونا ہے؟ لڑکے نے عرض کی کہ میں نے وہاں جانا ہے۔

حضور انور نے فرمایا: یہ دونوں رشتے جو طے ہورہے ہیں یہ بھی پرانے خاندان ہیں اور ان کا بھی قادیان سے اور ربوہ سے تعلق ہے۔ منور صاحب میرا خیال ہے سکول کالج میں ہمارے سے کچھ آگے ہوتے تھے ان کو میں دیکھتا رہا ہوں۔ مزید خاندانی تعارف تو نہیں ہے۔ باقی ندیم پاشا صاحب جو اسد کے والد ہیں یہ سید عبداللہ شاہ صاحب کے بیٹے ہیں جو حضرت ام طاہر صاحبہ کے بھانجے تھے اور اس طرح اس خاندان کا ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب کے خاندان سے تعلق ہے۔

حضور انور نے فرمایا: تیسرا نکاح عزیزہ نعیمہ جبار چوہدری بنت مکرم عبدالجبار چوہدری صاحب کا ہے جو عزیزم عدیل احمد ملک ابن مکرم نعیم احمد ملک صاحب کے ساتھ دس ہزار پونڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے لڑکے سے دریافت فرمایا کہ آپ کیا کام کرتے ہیں؟ انہوں نے عرض کی کہ کال سینٹر میں کام کرتا ہوں۔

حضور انور نے فرمایا بچی جو ہے یہ واقفہ نو ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ بھی ہر لحاظ سے مبارک فرمائے۔ بلکہ تمام رشتے ہر لحاظ سے مبارک فرمائے۔

حضور انور نے تینوں نکاحوں کے فریقین میں ایجاب وقبول کروایا، رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشتے ہوئے مبارکباد دی۔

(مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب مربی سلسلہ)

مکرم سید سعید الحسن شاہ صاحب۔ مربی انچارج دی گیمبیا

مجلس خدام الاحمدیہ گیمبیا کا 31واں سالانہ اجتماع

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ گیمبیا کو مورخہ 26 تا 28 دسمبر 2014ء کو اپنا اکتیسواں سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

اِس اجتماع کا انعقاد اس دفعہ ملک کے وسط اور بانجل سے 175 کلومیٹر دور طاہر احمدیہ سیکنڈری سکول مانسا کونکو میں کیا گیا۔ طاہر احمدیہ سینئر سکول ملک کی ترقی میں عرصہ دراز سے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے 1988ء کے دورہ گیمبیا کا یہ ایک شیریں پھل ہے جو علم کی روشنی کو خوب پھیلا رہا ہے۔ خدام الاحمدیہ کے اجتماع کا انعقاد سکول میں تعمیر کردہ نئے بہت بڑے ہال میں کیا گیا جبکہ کھیلوں کے لئے سکول کی وسیع و عریض گراؤنڈ استعمال کی گئی۔ اجتماع کے لئے وقارعمل کے ذریعے پورے سکول کو آراستہ کیا گیا تھا۔ مہمانوں کی آمد 25 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہوگئی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے براہ راست خطبہ جمعہ سنانے کے لئے ایم ٹی اے کا بندوبست کیا گیا تھا اور الحمدللہ ایک بڑی تعداد نے حضور انور کا خطبہ سننے کی سعادت پائی۔

افتتاحی اجلاس کی صدارت مکرم صدر صاحب خدام الاحمدیہ نے کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور نظم سے ہوا۔ بعد ازاں مختلف غیراز جماعت احباب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

امام صاحب pakli bah، ممبر نیشنل اسمبلی Hon. Njie Darboe of Jarra West، گورنر Salif Puye LRR نے اجتماع کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور جماعت کے کردار کو معاشرہ کے لئے لازمی جزو قرار دیا۔

گورنر لوئر ریور ریجن نے ملک میں جماعت کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ آج کے معاشرہ میں قرآن کی تعلیم کو عام کرنا صرف احمدیت کا ہی کمال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جماعت احمدیہ کا نام پورے ملک میں عزت ووقار کی تصویر بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسا معاشرہ جہاں ویڈیو فلمز اور انٹرنیٹ پر کوئی کنٹرول نہ ہو اور بچوں کی رسائی غیراخلاقی مواد تک بآسانی ہو وہاں چیلنجز کا سامنا کرنا آسان نہیں۔ جماعت کے سکولز اور دینی تعلیم تریاق کا کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے اجتماع کے انعقاد پر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

اجتماع کا مرکزی موضوع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں خدمت خلق تھا۔ اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کے حوالے سے ہی تمام تقاریر کے عناوین رکھے گئے۔ ان عناوین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق فاضلہ، موجودہ مسائل کا حل خلافت میں، ایک احمدی خادم کی ذمہ داریاں شامل تھے۔

اجتماع کا اہم حصہ خدام واطفال کے علمی اور ورزشی مقابلہ جات تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے خدام واطفال نے اِن مقابلوں میں بھرپور حصہ لیا۔ حاضرین میں انصار بھی شامل تھے اس لئے ان کے لئے میوزیکل چیئر کا دلچسپ مقابلہ کروایا گیا۔ اجتماع کے دوسرے دن خدام کی مجلس شوریٰ کا انعقاد ہوا جس میں نمائندگان شوریٰ نے حصہ لیا۔

اجتماع کے دوسرے روز اطفال الاحمدیہ کا علیحدہ اجلاس ہوا جس میں تقاریر اور علمی مقابلہ جات ہوئے۔

تیسرے روز اجتماع کا اختتامی اجلاس مکرم امیر صاحب جماعت گیمبیا کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرم امیر صاحب نے پوزیشن لینے والے خدام واطفال میں انعامات تقسیم کئے۔ مکرم امیر صاحب نے اپنی اختتامی تقریر میں خدام کو زرّیں نصائح سے نوازا۔

اختتامی دعا کے ساتھ یہ بابرکت اجتماع اختتام پذیر ہوا۔ اللہ کے فضل سے اجتماع کے تینوں دن تہجد باجماعت کا اہتمام کیا گیا۔ اسی طرح درس القرآن وحدیث بھی ہوئے۔

اس اجتماع کے شاملین کی کل تعداد 400 کے لگ بھگ تھی۔ اجتماع میں نومبائعین کی حاضری بھی کافی اچھی تھی۔ بعض پہلی دفعہ کسی بھی پروگرام میں شامل ہو رہے تھے۔

امسال کے اجتماع کی ایک خصوصیت عطیہ خون کا انتظام تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 15 خدام نے عطیۂ خون دینے کی توفیق پائی۔ اس اجتماع کا آخری دن جلسہ سالانہ قادیان کا بھی آخری دن تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا لندن سے نشر ہونے والا جلسہ قادیان سے اختتامی خطاب خدام واطفال کے علاوہ انصار اور مہمان دوستوں کی ایک بڑی تعداد نے ایم ٹی اے کے ذریعے براہ راست دیکھا اور سنا۔ اجتماع کی خبر کو ملکی میڈیا نے بھرپور کوریج دی۔ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کے بابرکت نتائج پیدا فرمائے اور احمدیت کی روشنی کو پھیلاتا چلا جائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 30 جنوری 2015ء)

☆............☆............☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسل نمبر 118382 میں رانا خلیل احمد

ولد غلام حسین قوم راجپوت پیشہ ڈرائیور عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی نور ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19/04/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ٹرک 6 ویل مالیتی -/7,00,000 پاکستانی روپے۔2۔ٹرک 10 ویل مالیتی -/13,00,000 پاکستانی روپے۔3۔گھر برقبہ 5 مرلہ دارالنصر شرقی نور مالیتی-/8,00,000 پاکستانی روپے۔4۔دکان۔اس وقت مجھے مبلغ -/50,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔رانا خلیل احمد گواہ شد نمبر 1 فخر احمد فرخ ولد سیف الرحمان گواہ شد نمبر 2 فاروق احمد ولد برکت علی

مسل نمبر 118383 میں رعنا سحر اعوان

بنت نعیم احمد اعوان قوم اعوان پیشہ طالبعلم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 21/9 دارالنصر غربی اقبال ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستانبقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 09/08/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔رعنا سحر اعوان گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد اعوان ولد طالب علی اعوان گواہ شد نمبر 2 تنویر الدین صابر ولد لعل دین صدیقی

مسل نمبر 118384 میں شاہدہ نعیم

زوجہ نعیم احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 34/2 دارالفتوح شرقی ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 31/08/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔جیولری گولڈ -/1,50,000 پاکستانی روپے۔2۔حق مہر مبلغ -/60,000 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/2,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔شاہدہ نعیم گواہ شد نمبر 1 محمد اجمل فیضی ولد الحاج محمد علی فیض گواہ شد نمبر 2 بشیر احمد ولد عباس دین

مسل نمبر 118386 میں نداء کنول

بنت مبارک احمد بھٹی قوم راجپوت بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی بشیر ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01/07/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔نداء کنول گواہ شد نمبر 1 ناصر محمود احمد ولد مبارک احمد بھٹی گواہ شد نمبر 2 آصف محمود احمد بھٹی ولد مبارک احمد بھٹی

مسل نمبر 118387 میں عبدالمقیت باری

ولد عبدالباری طارق قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 9/2 دارالعلوم جنوبی بشیر ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01/09/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔عبدالمقیت باری گواہ شد نمبر 1 مقبول احمد خالد ولد محمد اسماعیل گواہ شد نمبر 2 عبدالباری طارق ولد چوہدری لطیف احمد

مسل نمبر 118388 میں امتہ الحفیظ اختر

زوجہ عبدالرحمٰن اختر قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 2/19 طاہر آباد جنوبی ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 03/07/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔جیولری گولڈ 3 تولہ مالیتی...... پاکستانی روپے۔2۔سلور رنگ مالیتی -/800 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/3,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔امتہ الحفیظ اختر گواہ شد نمبر 1 احسن سعید ولد سعید احمد گواہ شد نمبر 2 منور ولد محمد اعظم

مسل نمبر 118389 میں حمیدہ بیگم

زوجہ بشیر احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 75 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 29/3 رحمٰن کالونی ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19/04/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔جیولری گولڈ 5 تولہ مالیتی-/2,60,000 پاکستانی روپے۔2۔حق مہر مبلغ -/500 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/5,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔حمیدہ بیگم گواہ شد نمبر 1 عبدالعزیز عابد ولد عبدالرشید گواہ شد نمبر 2 خلیل احمد ولد بشیر احمد

مسل نمبر 118390 میں دانش احمد

ولد خلیل احمد قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 3/29 رحمٰن کالونی ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07/02/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/400 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔دانش احمد گواہ شد نمبر 1 انیس احمد ولد خلیل احمد گواہ شد نمبر 2 خلیل احمد ولد بشیر احمد

مسل نمبر 118391 میں فرزانہ یوسف

زوجہ ندیم احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 38 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 10/16 دارالعلوم غربی ثناء ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستانبقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19/08/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔جیولری گولڈ 332.220g مالیتی ...... پاکستانی روپے۔2۔حق مہر مبلغ -/1,00,000 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1,500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔فرزانہ یوسف گواہ شد نمبر 1 وسیم احمد امتیاز ولد امتیاز احمد طاہر گواہ شد نمبر 2 جاوید اقبال ولد محمد شفیع

مسل نمبر 118392 میں صلاح الدین

ولد کرم دین قوم راجپوت پیشہ ریٹائرڈ عمر 59 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد سلطان ربوہ ضلع چنیوٹ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01/07/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔کیش مبلغ -/3,05,000 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/10,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت پینشن مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔صلاح الدین گواہ شد نمبر 1 ضیاء الدین ولد صلاح الدین گواہ شد نمبر 2 ناصر احمد ولد صلاح الدین

مسل نمبر 118393 میں عبدالسلام

ولد بشیر احمد قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن آرائیں مارکیٹ داجل ضلع راجن پور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 09/07/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔عبدالسلام گواہ شد نمبر 1 عبدالماجد ولد عبداللطیف گواہ شد نمبر 2 انیق احمد ولد عبداللطیف

مسل نمبر 118394 میں طلحہ شکور

ولد عبدالشکور قوم کھوکھر پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلم ٹاؤن راجن پور ضلع راجن پور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 05/09/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔طلحہ شکور گواہ شد نمبر 1 عدنان احمد ولد عبداللطیف گواہ شد نمبر 2 ڈاکٹر شاہد اقبال ولد محمد سلیمان

مسل نمبر 118395 میں مشہود احمد

ولد عبد الغفور قوم کھوکھر پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلم ٹاؤن راجن پور ضلع راجن پور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06/092014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔مشہود احمد گواہ شد نمبر 1 عدنان احمد ولد محمد لطیف گواہ شد نمبر 2 انیق احمد ولد لئیق احمد طاہر

مسل نمبر 118396 میں اسحاق احمد

ولد محمد نواز قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بستی الہٰ داد ضلع راجن پور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07/09/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/800 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔اسحاق احمد گواہ شد نمبر 1 عبدالقدوس ولد عبدالرؤف گواہ شد نمبر 2 عدنان احمد ولد محمد لطیف

مسل نمبر 118397 میں امۃ المتین بیگ

زوجہ اعجاز احمد بیگ قوم کھوکھر پیشہ خانہ داری عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 18/8 گلشن پارک گڑھی شاہو لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 05/05/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔جیولری گولڈ 3 تولہ مالیتی-/1,50,000 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/27,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت آمد مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔امۃ المتین بیگ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ناصر ولد عبدالمالک گواہ شد نمبر 2 چوہدری محمد حلیم ولد چوہدری غلام حسین

مسل نمبر 118398 میں عامرہ طارق

زوجہ طارق محمود بھلی قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 8-E/1 اپر مال سکیم لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18/05/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔جیولری گولڈ 50 تولہ مالیتی -/22,50,000 پاکستانی روپے۔2۔گھر برقبہ 10 مرلہ لاہور مالیتی ...... پاکستانی روپے۔3۔دکان مالیتی-/40,00,000 پاکستانی روپے۔4۔حق مہر مبلغ -/1,25,000 پاکستانی روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت کرایہ دکان مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔عامرہ طارق گواہ شد نمبر 1 طارق محمود بھلی ولد محمود انور بھلی گواہ شد نمبر 2 حسان محمود بھلی ولد طارق محمود بھلی

مسل نمبر 118399 میں حسان محمود بھلی

ولد طارق محمود بھلی قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 8-E/1 اپر مال سکیم لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18/05/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/5,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔حسان محمود بھلی گواہ شد نمبر 1 طارق محمود بھلی ولد محمود انور بھلی گواہ شد نمبر 2 برھان ظفر ولد سجاد ظفر

مسل نمبر 118400 میں عتیقہ محمود بھلی

بنت طارق محمود بھلی قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 8-E/1 اپر مال سکیم لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18/05/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔عتیقہ محمود بھلی گواہ شد نمبر 1 طارق محمود بھلی ولد محمود انور بھلی گواہ شد نمبر 2 حسان محمود بھلی ولد طارق محمود بھلی

مسل نمبر 118401 میں زاہدہ صدف

بنت محمد یعقوب قوم گجر پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مکان نمبر 10 گلی نمبر 1 آبادی تکیہ سناراں علامہ اقبال روڈ لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21/05/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/300 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ زاہدہ صدف گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ناصر ولد عبدالمالک گواہ شد نمبر 2 عمران احمد ولد محمد انور

مسل نمبر 118402 میں فرحت بشیر

بنت بشیر احمد قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن رتن باغ مسجد مائی لاڈو لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15/06/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔فرحت بشیر گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ناصر ولد عبدالمالک گواہ شد نمبر 2 بشیر احمد ولد حکیم رشید

مسل نمبر 118403 میں ثناء بشیر

بنت بشیر احمد قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوٹھی رتن باغ مسجد مائی لاڈو لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15/06/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ثناء بشیر گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ناصر ولد عبدالمالک گواہ شد نمبر 2 بشیر احمد ولد رشید احمد

مسل نمبر 118404 میں مبشرہ بشیر

بنت بشیر احمد قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوٹھی رتن باغ مسجد مائی لاڈو لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15/06/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔مبشرہ بشیر گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ناصر ولد عبدالمالک گواہ شد نمبر 2 بشیر احمد ولد حکیم رشید احمد

مسل نمبر 118405 میں حنا کنول

محمد صدیق گورائیہ قوم گورائیہ پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلی نمبر 159 مسلم دین کالونی لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10/03/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/150 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔حنا کنول گواہ شد نمبر 1 وحید احمد ولد محمد سعید گواہ شد نمبر 2 سعید احمد ولد محمد رفیق

مسل نمبر 118406 میں صائمہ شاہد

زوجہ شاہد مسعود قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 1576/2 سی بلاک قیصر ٹاؤن لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20/02/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔زیور مالیتی -/60,000 پاکستانی روپے۔ 2۔حق مہر مبلغ-/80,000 پاکستانی روپے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔صائمہ شاہد گواہ شد نمبر 1 شاہد مسعود ولد مسعود احمد ثاقب گواہ شد نمبر 2 سید فرخ شاہ ولد سید مبشر احمد محمود

مسل نمبر 118407 میں روبینہ امانت

بنت امانت علی قوم راجپوت بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نزد ریلوے پھاٹک نمبر 5 محلّہ علی پورہ لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07/03/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ روبینہ امانت گواہ شد نمبر 1 امانت علی ولد خیر دین گواہ شد نمبر 2 محمد لکھا ولد نور محمد

مسل نمبر 118408 میں عافیہ ظفر

بنت ظفر اقبال خان قوم پٹھان پیشہ طالبعلم عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 4/2 عباس نگر شمالی شاہدرہ لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 16/04/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/300 پاکستانی روپے ماہوار

بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔عافیہ ظفر گواہ شد نمبر1 وحید ظفر ولد ظفر اقبال خان گواہ شد نمبر2 ظفر اقبال خان ولد عبدالقیوم خان شیروانی

مسل نمبر 118409 میں منیبہ ظفر

بنت ظفر اقبال خان قوم پٹھان پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 4/2 عباس نگر شالی شاہدرہ لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 16/05/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔منیبہ ظفر گواہ شد نمبر1 وحید ظفر خان ولد ظفر اقبال خان گواہ شد نمبر2 ظفر اقبال خان ولد عبدالقیوم خان شیروانی

مسل نمبر 118410 میں عبدالرشید قریشی

ولد عبدالخالق قریشی قوم قریشی پیشہ پرائیوٹ ملازمت عمر 70 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 131 ڈی بلاک جی سبزہ زار ملتان روڈ لاہور ضلع لاہور ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔بینک بیلنس مبلغ -/5,00,000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/15,000 پاکستانی روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔عبدالرشید قریشی گواہ شد نمبر1 سلمان رشید ولد عبدالرشید قریشی گواہ شد نمبر2 عبدالرحیم ولد عبدالکریم

مسل نمبر 118411 میں علیزے سلام احمد

